Student ...

Serial No. Of the Answer Book: P-635

اردو لازمی جماعت (نہم)

SSC-9th-Swat-2026

وقت: 20منٹ   نمبر: 15

ہدایات:

(1) حصہ (الف) کے تمام اجزا حل کریں۔ ہر سوال کیساتھ چار جوابات دیئے گئے ہیں۔ ان میں سے صرف ایک جواب درست ہے۔ آپ نے درست جواب کے دائرے کو سامنے دیئے گئے مرتبے OMR شیٹ میں مکمل سیاہ کرنا ہے۔ ●

(2) دائروں کو (شیڈ) بھرنے کیلئے نیلے یا کالے پن کا استعمال کریں۔ (3) جواب میں ایک سے زیادہ دائرے بھرنے سے جواب غلط تصور ہو گا۔

حصہ الف

I. i. جس شعر میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرتا ہے، کہلاتا ہے۔

Ⓐ ردیف Ⓑ قافیہ Ⓒ مطلع ● مقطع

ii. درج ذیل میں درست "روزمرہ" ہے۔

● میری باتیں کان کھول کر سنو Ⓑ میری باتیں کانوں کو کھول کر سنو Ⓒ میری باتیں کان کو کھول کر سنو Ⓓ میری باتیں دو کانوں ...

iii. درج ذیل میں درست محاورہ ہے۔

Ⓐ آنکھ آنکھ ہونا Ⓑ آنکھ ڈھکنا ● آنکھ میں پانی آنا Ⓓ آنکھ بند ہونا

iv. درج ذیل میں مرکب تام ہے۔

Ⓐ پاکستان اور افغانستان Ⓑ پڑوسی ممالک Ⓒ پاکستان اور ایران ● پاکستان اور افغانستان ...

v. دیئے گئے جملوں میں مرکب ناقص ہے۔

Ⓐ عادل ذہین لڑکا ہے ● محنتی لڑکی Ⓒ یہ چادر سفید ہے Ⓓ میرا گھر خوبصورت ہے

vi. جس نظم میں کسی کی موت پر غم کا اظہار ہو، اُسے کہا جاتا ہے۔

Ⓐ مثنوی ● مرثیہ Ⓒ مناجات Ⓓ منقبت

vii. چین نے روس کے ساتھ تیل کا معاہدہ کیا۔ انداز بیان ہے۔

Ⓐ قانونی Ⓑ دفتری Ⓒ تکنیکی ● صحافتی

viii. مانیٹر کمپیوٹر کا آؤٹ پٹ آلہ ہوتا ہے۔ انداز بیان ہے۔

Ⓐ صحافتی ● تکنیکی Ⓒ قانونی Ⓓ ادبی

ix. سوداگر نے سودا بیچا۔ میں "سوداگر" ہے۔

Ⓐ اسناد Ⓑ مسند ● مسند الیہ Ⓓ سند

x. درج ذیل میں ذو معنی لفظ کا جملہ ہے۔

Ⓐ مالی نے ہری ہری گھاس کاٹی Ⓑ آم کے آم گٹھلیوں کے دام ● ہار پر ہار نہیں ملتا Ⓓ خدا خدا کر کے میں اسٹیشن ...

xi. درج ذیل میں جملہ اسمیہ ہے:

Ⓐ فراز نے کھانا کھایا ● فراز کا قد لمبا ہے Ⓒ میں نے کھانا کھایا Ⓓ سلمٰی نے نظم پڑھی

xii. درج ذیل میں جملہ فعلیہ کی نشان دہی کریں۔

Ⓐ کھانا لذیذ ہے Ⓑ کھانا خوشبودار ہے ● میں نے کھانا پکایا Ⓓ اس کا کھانا ہے

xiii. "سوات جنت کی طرح خوب صورت ہے"۔ مثال ہے۔

Ⓐ استعارہ کی Ⓑ مجاز مرسل کی Ⓒ کنایہ کی ● تشبیہ کی

xiv. کس جملے میں استعارہ کی اصطلاح کا استعمال ہے:

● میرا ابا شیر ہے Ⓑ شاہدہ بالکل میری بہن کی ہم شکل ہے Ⓒ پورا سکول میرے ہاتھ میں ہے Ⓓ عالیہ زبان کی بڑی تیز ہے

xv. "میں پاکستان میں رہتی ہوں"۔ جملہ ہے۔

Ⓐ کنایہ کا Ⓑ تشبیہ کا ● مجاز مرسل کا Ⓓ استعارہ کا

P- 636

نمبر24

حصہ "ج"

III۔ متن اور سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کریں۔ 5

(الف) کچھ دن تو بڑی بی کی خوب خاطریں ہوئیں۔ انکو نہلایا جاتا، دُھلایا جاتا تھا۔ میاں احمد مرزا بھی باہر آتے جاتے سلام کرتے تھے۔ بچے ذرا سا بھی غل مچاتے تو بیسیوں فضیحتیں سنتے۔ جانتا تھا کہ پکا پان ہے آج نہ مری کل مری۔ ان پر قبضہ ہو جائے مگر بُڑھیا کی پرانی ہڈیاں تھیں۔ پانچ سیر کا گھی کھایا تھا وہ ایسی جلدی کیوں مرتی۔ اُس کی تو اس بڑھاپے میں مٹی خراب ہونی تھی۔ غرض کہ جب بڑی بی نے مرنے کا نام نہ لیا اور ان کی ہر چیز پر آمنہ اور اس کے شوہر کا تسلط ہو گیا تو بال پڑے مٹکے کی طرح غریب کو باورچی خانے کے پاس ایک کوٹھڑی میں ڈال دیا۔

(ب) میں انگریزی میں ٹھہر ٹھہر کر بولتا تھا اور نوفل صاحب اس کا عربی میں ترجمہ کرتے جاتے تھے۔ آزادی کے وقت لاکھوں مسلمانوں کی شہادت اور مہاجرین کے حالات سن کر سب کو بڑی حیرت ہوئی۔ جب میں نے تفصیلات بتاتے ہوئے یہ کہا کہ دنیا کی اس پانچویں بڑی مملکت کا نصب العین یہی ہے کہ پاکستان کا مطلب کیا، "لا الہ الا اللہ" تو سارے مجمع نے بے ساختہ کلمہ طیبہ کا ورد کیا اور پھر سب نے کھڑے ہو کر پاکستان کے حق میں دعا مانگی۔ محمد نوفل صاحب بلند آواز سے دعا کے الفاظ بولتے تھے۔ باقی سب لوگ زور زور سے آمین آمین کہتے تھے۔ اس کے بعد بہت لوگوں نے مجھے قہوے کے اتنے فنجان پلائے کہ ان کی حدت سے مجھے رات بھر کئی نکسیر پھوٹی۔

IV۔ شاعر اور نظم کا حوالہ دے کر درج ذیل میں سے کسی ایک جزو کی تشریح کریں۔ 5

(الف)
وہ جس کی تیغ ہیبت ناک سے سفاک ڈرتے تھے
وہ جس کے بازوؤں کی دھاک سے افلاک ڈرتے تھے
یہاں لاہور میں سوتا ہے اک گمنام کوچے میں
پڑی ہے یادگار دولتِ اسلام کوچے میں

(ب)
طے کر چکا جو منزلِ شب، کاروانِ صبح
ہونے لگا افق سے ہویدا، نشانِ صبح
گردوں پہ کوچ کرنے لگے اخترانِ صبح
ہر سو ہوئی بلند صدائے اذانِ صبح

V۔ کسی ایک غزلیہ جزو کی تشریح کریں اور حوالہ دیں۔ 5

(الف)
نگاہِ یار جسے آشنائے راز کرے
وہ اپنی خوبیٔ قسمت پہ کیوں نہ ناز کرے
دلوں کو فکرِ دو عالم سے کر دیا آزاد
ترے جنوں کا خدا سلسلہ دراز کرے

(ب)
یہ فتنے جن سے اک دنیا ہے نالاں
انھی سے گرمیٔ بازار بھی ہے
اسی انساں میں سب کچھ ہے پنہاں
مگر یہ معرفت دشوار بھی ہے

VI۔ درج ذیل میں سے کسی ایک موضوع پر دو سو سے تین سو الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیں۔ 9

الف۔ حب الوطنی

ب۔ تعلیم کی اہمیت